## ماڈل پیپر (اردو اعلیٰ)

## انٹرمیڈیٹ (پارٹ-II) جماعت بارہویں 2014ء ومابعد

### (حصہ معروضی)

وقت: 20 منٹ

کل نمبر: 20

رول نمبر ہندسوں میں -----------

رول نمبر الفاظ میں -----------

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جواب (الف)، (ب)، (ج) اور (د) دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائروں کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی پر سوال کے سامنے دیئے گئے (Write Corect Option) والے خانے میں حروف (ا، ب، ج یا د) بھی لکھیں اگر Bubble اور Hand Written جواب میں تضاد ہوا تو Bubble والا جواب درست تسلیم ہوگا۔

سوال نمبر 1

(1) اودھ پنچ میں مولانا حالی کی کس کتاب کے خلاف طویل سلسلہ مضامین لکھتا رہا؟

(الف) مسدس حالی (ب) یادگار غالب (ج) حیات جاوید (د) مقدمہ شعر و شاعری

(2) جنون بھی ایک طرح ہے؟

(الف) لازمہ زندگی (ب) لازمہ شاعری (ج) لازمہ موسیقی (د) لازمہ [illegible]

(3) مہدی افادی کے مضامین کس نام سے شائع ہوئے؟

(الف) مضامین مہدی افادی (ب) مجموعہ مہدی افادی (ج) افادات مہدی (د) کلیات مہدی

(4) خواجہ حسن نظامی کہاں پیدا ہوئے؟

(الف) آگرہ (ب) دہلی (ج) کلکتہ (د) رام پور

(5) فکر تونسوی نے بلند مقام حاصل کیا؟

(الف) سیاست میں (ب) تجارت میں (ج) طنز و مزاح میں (د) انشائیہ میں

(6) علامہ اقبال کی وفات کا سال ہے؟

(الف) 1938ء (ب) 1940ء (ج) 1942ء (د) 1947ء

(7) علامہ اقبال خط کا جواب لکھنے میں تھے؟

(الف) بڑے سست (ب) لاپروا (ج) بے قاعدہ (د) بڑے مغرور

(8) سلیمان ندوی کے خطوط کے مجموعے ہیں؟

(الف) دو (ب) چار (ج) تین (د) پانچ

(9) میاں محمد بخش کس شہر میں پیدا ہوئے؟

(الف) سیالکوٹ (ب) قصور (ج) کھڑی شریف (د) علی پور

(10) رحمان بابا کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے؟

(الف) مہمند (ب) یوسف زئی (ج) کھٹک (د) شیخ

(11) شامل نصاب نظم کس شاعر کی ہے؟

(الف) بہادر شاہ ظفر (ب) احمد ظفر (ج) مولانا ظفر علی خان (د) سراج الدین ظفر

(12) سب سے پہلی مثنوی لکھی گئی۔

(الف) شمالی ہند میں (ب) پنجاب میں (ج) یوپی میں (د) دکن میں

(13) مثنوی گلزار نسیم نمائندگی کرتی ہے۔

(الف) داستان دہلی کی (ب) داستان لکھنؤ کی (ج) داستان رام پور کی (د) داستان حیدر آباد کی

(14) ولی دکنی کی شہرت کی وجہ کیا ہے؟

(الف) مثنوی (ب) قصیدہ گوئی (ج) مرثیہ نگاری (د) غزل گوئی

(15) میر درد کی شاعری کا اہم موضوع ہے۔

(الف) مزاح (ب) تصوف (ج) مرثیہ نگاری (د) منظر نگاری

(16) غلام ہمدانی مصحفی پیدا ہوئے۔

(الف) فیض آباد (ب) اکبر آباد (ج) الہ آباد (د) امروہہ

(17) بہادر شاہ ظفر کو کب جلاوطن کر دیا گیا؟

(الف) 1855ء (ب) 1853ء (ج) 1857ء (د) 1860ء

(18) ذوق کے والد کا پیشہ تھا؟

(الف) کھیتی باڑی (ب) تجارت (ج) سپاہی (د) مزدور

(19) مرزا غالب کے والد کا نام تھا؟

(الف) مرزا عبداللہ بیگ (ب) مرزا نصراللہ (ج) نواب الٰہی بخش (د) نذیر بیگ

(20) حسرت موہانی کا اصل نام تھا۔

(الف) محمد حسرت (ب) سید فضل الحسن (ج) چراغ علی (د) محمد حسن


(کنوینیر)
ڈاکٹر فرحت حسین رضوی
اسسٹنٹ پروفیسر گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج
ڈیرہ غازی خان

(پیپر سیٹر)
ڈاکٹر محمد جاوید پتافی
اسسٹنٹ پروفیسر گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج
راجن پور

(ماہر مضمون)
ڈاکٹر افتخار بیگ
اسسٹنٹ پروفیسر گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج
لیہ

# ماڈل پیپر اُردو اعلیٰ برائے انٹرمیڈیٹ پارٹ II جماعت بارھویں 2014 ومابعد

(حصہ انشائی)

رول نمبر ہندسوں میں ________ وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

رول نمبر الفاظ میں ________ کل نمبر: 80

**حصہ اول**

سوال نمبر 2 (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+1+4+4=10)

دیا شہہ نے ترتیب ایک خانہ باغ — ہوا رشک سے جس کے لالہ کو داغ

عمارت کی خوبی دروں کی وہ شان — لگے جس میں زربفت کے سائبان

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیے (4+4+4+1+1+1=15)

i۔ برہم کہیں نہ ہو گل و بلبل کی آشتی — ڈرتا ہوں آج باغ میں وہ تند خو گیا

ii۔ خواب تھا یا خیال تھا کیا تھا — ہجر تھا یا وصال تھا کیا تھا

iii۔ جدھر آنکھ پڑتی ہے تو روبرو ہے — ترا جلوہ سب میں ہے سب جائے تو ہے

ال نمبر 3: درج ذیل نثر پارے کی سیاق و سباق کے حوالے سے تشریح کیجیے مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے۔ (1+1+2+6=10)

مرحوم ہماری قدیم تہذیب کا بے مثال نمونہ تھے۔ شرافت اور نیک نفسی ان پر ختم تھی۔ چہرے سے شرافت، ہمدردی اور شفقت ٹپکتی تھی اور دل کو ان کی طرف کشش ہوتی تھی ان کے پاس بیٹھنے سے یہ معلوم ہوتا تھا کہ کوئی چیز ہم پر اثر کر رہی ہے۔ درگزر کا یہ عالم تھا کہ کوئی ان سے کیسی ہی بدمعاملگی اور بدسلوکی کیوں نہ کرے، ان کے التفاتات میں کبھی فرق نہ آتا تھا۔ جب ملتے تو اسی شفقت و عنایت سے پیش آتے اور کیا مجال کہ اس بدسلوکی یا بدمعاملگی کا ذکر زبان پر آنے پائے۔

ل نمبر 4: خواجہ حیدر علی آتش یا مرزا اسد اللہ خان غالب کے مختصر سوانح حیات اور ان کی شاعری کی خصوصیات لکھیے۔ (4+6=10)

ل نمبر 5: سید سلیمان ندوی یا رشید احمد صدیقی پر سوانحی اور تنقیدی نوٹ لکھیے۔ (2+3=5)

ل نمبر 6: میں محمد بخش کے حالات زندگی اور شاعری پر تنقیدی نوٹ لکھیے (4+6=10)

ل نمبر 7: درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

i۔ اُردو ذریعۂ تعلیم — ii۔ معاشرے میں خواتین کا کردار — iii۔ سائنس اور ہماری زندگی


سید فرحت حسین رضوی (کنونیئر)
A/P گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج
ڈیرہ غازی خان

ڈاکٹر محمد جاوید بتانی (ماہر مضمون)
A/P گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج
راجن پور

ڈاکٹر افتخار بیگ (ماہر مضمون)
A/P گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج
لیہ


دل میں

(ب) تفصی